## سوال

(552) زنا کرنا یا صرف لڑکی کی طرف دیکھنا کیا یہ دونوں گناہ برابر ہیں ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زنا کرنا یا صرف لڑکی کی طرف دیکھنا کیا یہ دونوں گناہ برابر ہیں ۔ کیا چھوٹے گناہ نماز پڑھنے اور قرآن پڑھنے سے معاف ہوجاتے ہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

زنا کبیرہ گناہ ہے اور زنا سے کم کم حرکات صغیرہ گناہوں میں شامل ہیں ۔ نماز روزہ سے صغیرہ گناہ معاف ہوجاتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے : { اِنَّ الْحَسَنَاتِ یُذْھِبْنَ السَّیِّاٰتِ ط } [ ھود : ۱۱۴ ] [ ''یقینا نیکیاں برائیوں کو دور کردیتی ہیں ۔'' ] مگر اس اصول کو صغائر کے ارتکاب کا بہانہ بنانا درست نہیں ۔ دیکھئے توبہ سے گناہ معاف ہوجاتے ہیں ، لیکن توبہ کو گناہوں کے ارتکاب کا بہانہ نہیں بنایا جاسکتا ۔ ۶ ۴ ۱۴۲۱ ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

**جلد 02 ص 469**

محدث فتویٰ